# ازہار الاسلام اکیڈمی

## آن لائن دینی تعلیم کا مستند ادارہ

# ازھار الاسلام اکیڈمی

## پایہ تکمیل تک پہنچنے والے منصوبے

1 :۔ درس نظامی ہیلپ ڈیسک
2 :۔آن لائن شارٹ کورسز
3 :۔آن لائن درس نظامی
4 :۔آن لائن ٹیوشن سنٹر
5 :۔ ریکارڈڈ ویڈیو کورسز
6 :۔ آن لائن تربیتی ورکشاپ
7 :۔ تحریری نوٹس
8 :۔ کتب

## مستقبل قریب کے منصوبے

1 :۔ ازہار الاسلام اکیڈمی ویب سائٹ
2 :۔ازہار الاسلام اکیڈمی للبنات (آف لائن)
3 :۔ازہار الاسلام ٹیوشن نیٹ ورک (آف لائن)
4 :۔ ٹیچر ٹریننگ پروگرام

# پایہ تکمیل تک پہنچنے والے منصوبے

# 1 :۔ درس نظامی ہیلپ ڈیسک

درس نظامی کے طلبہ اور اساتذہ کی درسی کتب سے متعلق مشکلات کے حل کے لیے مختلف اسباق کے شارٹ کلپس ریکارڈ کیے جاتے ہیں تاکہ سبق سمجھنا اور سمجھانا آسان ہو سکے یہ کلپس وائٹ بورڈ کی مدد سے ریکارڈ کیے جاتے ہیں جس میں آسان فہم انداز تفہیم میں درسی کتب کی مغلق اور پیچیدہ ابحاث کو سمجھایا جاتا ہے درس نظامی اور عربی سبجیکٹ سے تعلق رکھنے والے طلبہ واساتذہ کے لیے یہ انتہائی مفید سلسلہ ہے، اس میں ہر شخص کے لیے یہ اجازت ہے کہ وہ ہمیں اپنا مسئلہ پیش کرے ہم ان شاء اللہ اس کا کلپ ریکارڈ کرکے گروپس میں بھیج دیں گے ، یہ کلپس وٹس اپ ویڈیو، یوٹیوب اور فیس بک پر وائرل کر دیے جاتے ہیں تاکہ جسے جہاں سے جیسے ضرورت ہو حاصل کر سکے

کل کلپس: 968

درس نظامی ہیلپ ڈیسک وٹس اپ گروپس: 3400 ایکٹو ممبر

ALLAMA AZHAR ALI MADNI یوٹیوب چینل: 10100 سبسکرائبرز

علامہ ازھار علی مدنی فیس بک پیج : 9000 فالورز

## ان کلپس میں درج ذیل امور پر توجہ دی جاتی ہے

1:۔ درسی کتب کا حل

2:۔ اسلام پر ہونے والے اعتراضات کے جوابات

3:۔ طلبہ کے لیے موٹیویشن کلپس

4:۔ معاشرتی حالات کا تجزیہ

5:۔ کتب و فنون کی تدریس کا منہج

# 2:۔ آن لائن شارٹ کورسز

درس نظامی کے طلبہ اور اساتذہ کے علمی رسوخ کے لیے مختلف اوقات میں شارٹ کورسز کا انعقاد کیا جاتا ہے جس میں مختلف فنون وعلوم کو آسان فہم انداز میں طلبہ کے سکھایا جاتا ہے یہ کورسز طلبہ میں علمی قابلیت و مہارت پیدا کرنے کے لیے اپنی پہچان خود ہیں، ان کورسز میں صرف و نحو، بلاغت و منطق، فقہ واصول فقہ، فہم عبارت و گرامر، اصول حدیث مکمل کیے جاچکے ہیں، مزید فنون پر سلسلہ تاحال جاری ہے

کل کورسز : 19

شرکاء کورسز:۔ 1500 سے زائد

حالیہ کورسز :۔ کتاب البیوع 3 ماہ، اجراء الصرف 2 ماہ

# 3 :۔ آن لائن درس نظامی

ملک و بیرون ملک کے شائقین علم طلبہ کے لیے باقاعدہ درس نظامی کا اغاز کر دیا گیا جس تنظیم المدارس اہلسنت پاکستان کے نصاب کے مطابق 8 سالہ عالم کورس کروایا جائے گا، ممکنہ حد تک تنظیم المدارس سے پیپر بھی دلوائے جائیں گے اور اکیڈمی اپنی سند کا اجراء بھی کرے گی ان شاء اللہ

# 4:۔آن لائن ٹیویشن سنٹر

تشنگان علم کی سیرابی کے لیے ازھار الاسلام اکیڈمی نے آن لائن پرسنل ٹیوشن سینٹر کا انعقاد کیا جس میں طلبہ اپنے اسباق اپنے ہم ذہن ٹیوٹر سے اپنی مرضی کے اوقات میں مکمل کرتے ہیں ،اس وقت ادارے کے تحت 15 میل و فی میل اساتذہ تعلیمی و تدریسی خدمات سرانجام دے رہے ہیں

# 5:۔ ریکارڈڈ ویڈیو کورسز

جو طلبہ اکیڈمی کی لائیو کلاسز کسی مجبوری کی بنا پر نہیں لے سکتے ان کی سہولت کے لیے اکیڈمی نے ریکارڈڈ کورسز کا سلسلہ رکھا ہے جس میں درس نظامی کے طلبہ اور اساتذہ کے علمی رسوخ کے لیے مختلف فنون وعلوم کو آسان فہم انداز میں ویڈیو ریکارڈڈ کورسز کے ذریعے سکھایا جاتا ہے، ان کورسز کا دورانیہ دو، تین اور چھ ماہ تک ہوتا ہے

## ریکارڈڈ کورسز

1:۔آسان اصول فقہ کورس
2:۔ آسان فہم القرآن کورس
3:۔آسان فہم العقائد کورس
4:۔آسان شرح مائۃ عامل کورس
5:۔آسان تراکیب نحویہ کورس
6:۔تراکیب نحویہ کورس پہلا پارہ
7:۔دورہ صرف و نحو
8:۔دورہ منطق
9:۔آسان تدریسی ٹیسٹ کورس
10:۔ آسان فہم وراثت کورس
11:۔ آسان اصول حدیث کورس
12:۔آسان علم صرف کورس
13:۔ آسان علم نحو کورس
14:۔ آسان فہم بلاغت کورس (علم المعانی)
15:۔ آسان فہم بلاغت کورس (علم البیان والبدیع)
16:۔ آسان آداب بحث و مناظرہ کورس
17:۔آسان مبادیات فقہ کورس
18:۔ کتاب البیوع
19:۔اجراء الصرف فی القرآن

# 6: ۔ آن لائن تربیتی ورکشاپ

مختلف مواقع اور اہم امور کے سلسلے میں تربیتی ورکشاپ کا اہتمام کیا جاتا ہے جو یوٹیوب چینل اور زوم ایپ کے ذریعے نشر ہوتا ہے جس میں علمی ترقی، راہ علم کی رکاوٹیں اور علماء کی ذمہ داریاں، معاشرتی و اخلاقی پہلوؤں پر خصوصی توجہ دی جاتی ہے

# 7: ۔ تحریری نوٹس

بہت سے طالبین و یڈیو اور آڈیو کی بجائے تحریری منہج کو پسند کرتے ہیں ان کے تحریر کے ذریعے حصول علم آسان اور مفید ہوتا ہے ایسے طلبہ کی سہولت کے لیے اکیڈمی نے مختلف فنون واسباق کے نوٹس تیاری کیے ہیں جن کے ذریعے تشنگان علم کی سیرابی کا سامان ہوتا ہے

# 8:۔ کتب

ادارے کے تحت تحریر و تصنیف کا کام بھی جاری ہے جس میں کتب و رسائل پر کام جاری ہے ایک کتاب بنام ''ازہار النحو'' پبلش ہو کر مارکیٹ میں آچکی ہے جبکہ آسان اصول فقہ، آسان فہم عقائد اور مختلف کتب پر حواشی کا سلسلہ ہے عنقریب یہ کتب بھی منظر عام پر آجائیں گی ان شاء اللہ

# مستقبل قریب کے منصوبے

# 1: ۔ ازہار الاسلام اکیڈمی ویب سائٹ

میڈیا کے اس تیز ترین دور میں پیغام رسائی کا ایک اہم ذریعہ ویب سائٹ بھی ہوتا ہے جہاں کثیر الجہات پلیٹ فارمز ایک پیج پر ڈسپلے ہو جاتے ہیں اور طالب اپنی خواہش و مرضی کے مطابق انتخاب کر سکتا ہے لہذا اسی تناظر میں اکیڈمی نے ویب سائٹ پر کام شروع کر دیا ہے جس میں اکیڈمی میں ہونے والے تمام امور (درس نظامی ہیلپ ڈیسک، آن لائن شارٹ کورسز، آن لائن درس نظامی، آن لائن ٹیوشن سنٹر، ریکارڈڈ ویڈیو کورسز، آن لائن تربیتی ورکشاپس، تحریری نوٹس، کتب) احسن انداز میں مرتب ہوں اور طالبین کے سہولت اور آسانی کا ذریعہ بنیں گے

# 2 : ۔ازہار الاسلام اکیڈمی للبنات (آف لائن)

خواتین اور بچیوں کے عموما ہمارے معاشرے میں میڈیا و سوشل میڈیا کی بے حیائیوں سے پریشان والدین موبائل اور انٹرنیٹ کے استعمال کو ممنوع قرار دے دیا جاتا ہے جس کے نتیجے میں وہ تعلیم سے محروم رہ جاتی ہے حالانکہ نسل نو کی تعمیر کی پہلی ذمہ داری انہی خواتین پر ہوتی ہے اسی لیے اکیڈمی نے ازہار الاسلام اکیڈمی للبنات (آف لائن) کا ارادہ کیا ہے اللہ نے چاہا تو عنقریب پہلی برانچ کا افتتاح کر دیا جائے گا، اللہ پاک مسبّب الاسباب، جہاں ناظرہ، حفظ، درس نظامی کے ساتھ ساتھ اکیڈمی میں چلنے والا آن لائین شارٹ کورسز آف لائن کروائے جائیں گے، تربیتی ورک شاپس کا انعقاد ہوگا جس سے معاشرے میں خواتین کو وسیع النظری، اخلاقیات اور عائلی ذمہ داریوں کی تربیت کی جائے گی

# 3 :۔ ازہار الاسلام ٹیویشن نیٹ ورک (آف لائن)

معاشرے میں دن بدن بڑھتے ہوئے کرائم والدین کو اپنے بچوں کے تحفظ کے بارے میں بہت پریشان کرتے ہیں بہت بڑا طبقہ اپنے بچوں کو اپنے گھر میں ہی دینی تعلیم سے آراستہ کرنا چاہتا ہے، لیکن غیر معیاری تعلیم اور غیر ذمہ دار افراد بچوں کو تعلیم کی بجائے ضیاع وقت کا سبب بنتے ہیں اکیڈمی نے ملک بھر سے اساتذہ کا ڈیٹا کلیکٹ کرنا شروع کر دیا عنقریب سینئر، ماہر با اعتماد ٹیچر آپ کے بچوں کو ڈور اسٹیپ پر تعلیم دیں گے جس سے تعلیمی معیار اور ذمہ استاد والدین اور بچوں کے لیے حصول دین کا ذریعہ بنیں گے

# 4:۔ ٹیچر ٹریننگ پروگرام

اساتذہ معمار قوم ہوتے ہیں قوم کا مستقبل ان کے رحم و کرم پر ہوتا ہے اگر غیر تربیت یافتہ مدرس مسند تدریس پر آجائے تو وہ نفع کی بجائے نقصان زیادہ کرنا شروع کر دیتا ہے خصوصا جب دینی تعلیم بالخصوص درس نظامی کا معلم ہو، نئے معلمین کے تربیت کے لیے اکیڈمی ٹیچر ٹریننگ پروگرام کا آغاز کر رہی ہے جس میں ان شاء اللہ اساتذہ کو تربیت کرنے کے طریقے، طلبہ کی تعلیم میں بہتری اور خصوصا اسباق کا منہج اور پڑھانے کے دلچسپ طریقے سکھائے جائیں گے یہ پروگرام آن لائن بھی منعقد ہو گا، ازہار الاسلام اکیڈمی میں آف لائن بھی ہو گا اور جو مدارس و جامعات اپنے اداروں میں اس کا انعقاد کریں گے وہاں جا کر بھی پروگرام منعقد کر دیا جائے گا